SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV سال 1970ء

☆☆

مغربی پاکستان کا گھڑ دوڑ شرط محصول (سندھ ترمیم) حکم نامہ 1970ء

(خلاصہ)

تمہید

دفعات

1) مختصر عنوان۔

2) ترمیمی دفعہ نمبر، 10، 8، 2 مغربی پاکستان قانون نمبر IV سال 1958ء۔

سندھ حکم نامہ IV نمبر سال 1970ء

مغربی پاکستان کا گھوڑ دوڑ شرط پر محصول (سندھ ترمیم) حکم نامہ 1970ء

(25 اگست 1970ء)

مغربی پاکستان گھوڑ دوڑ شرط پر محصول (Tax) ایکٹ 1958ء کو ترمیم کرنے کا حکم نامہ

جیسا کہ: مغربی پاکستان گھوڑ دوڑ شرط پر محصول کے قانون 958 کو صوبہ سندھ میں رائج کرنے کے لئے مندرجہ ذیل انداز میں ترمیم کرنا ضروری ہے۔ اب اس لئے 25 مارچ 1969ء کے مارشل لاء کے عمل اور آئینی حکم کی روشنی میں حاصل شدہ اختیارات کے تحت گورنر نے مندرجہ ذیل حکم نامہ (Ordinance) بنا کر عمل درآمد کرنے کے لئے جاری کیا ہے۔

تمہید

1. یہ قانون مغربی پاکستان گھوڑ دوڑ شرط پر محصولات (سندھ ترمیمی) آرڈیننس 1970ء کہلائے گا۔

مغربی پاکستان قانون نمبر IV سال 1958ء کے دفعات 8، 2 اور 10 میں ترمیم

2. مغربی پاکستان گھڑ دوڑ شرط پر محصولات 1958ء جو کہ صوبہ سندھ میں نافذ کیا جا رہا ہے اس سیکشن (۲) کی شق (ف)، سیکشن (۸)، کے ذیلی سیکشن (۱) اور ذیلی سیکشن (۲)، (۳)، اور (۴) نمبر ۱۰ میں لفظ "کمشنر" جہاں جہاں آرہا ہے وہاں پر "کوماز" میں لفظ "ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن" میں تبدیل کیا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔